یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوال پرچہ کھولئے

Tear here

# D

SL. No : XX

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 63 ]
Total No. of Questions : 63 ]

**CCE PF**
**CCE PR**
**Revised & Un-Revised**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **Code No. : 12-U**

## ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

## Subject : First Language – URDU

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh& Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 21. 03. 2019 ] [ Date : 21. 03. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

### عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 63 سوالات ہیں۔

2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : $15 \times 1 = 15$

1. اللہ تعالٰی کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟
2. کس مقام پر حضورؐ نے صحابہؓ سے خطاب فرمایا ؟
3. خطبۂ حجۃ الوداع کے بعد کس صحابیؓ نے اذاں دی ؟
4. ہوا چاروں طرف کیا پکارتی آئی ؟
5. بچوں کو اماں سے بدلہ لینا ہوتا تو وہ کیا کرتے ؟
6. ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے ؟
7. کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے ؟
8. حضرت امام حسینؓ نے صبر کی ہدایت کیوں کی ؟
9. مصنف نے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے کونسے جھوٹ کا سہارا لیا ؟
10. مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟
11. امیر خسرو کے پیرومُرشد کا نام کیا تھا ؟
12. پہلے دن مصنف کو لالہ کرپا شنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟
13. مردِ درویش نے خسرو کو دیکھ کر کیا کہا ؟
14. ابتدا میں نسل آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟
15. ''زمانے کی گردش'' کا کیا مطلب ہے ؟

12 × 2 = 24

درجِ ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے :

16. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

17. جواہرلال نہرو نے ''اندرا'' کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟

18. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی ؟

19. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حسینؓ کا کیا ردِ عمل تھا ؟

20. ''سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں رکاوٹ ہیں ۔'' کیسے ؟

21. دنیا کے کن ملکوں میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟

22. زعفران کے کوئی تین استعمالات لکھئے ؟

23. تلوک چند محرومؔ رباعی میں کس بات کا پیغام دے رہے ہیں ؟

24. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

25. ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہے تو کیا ہوگا ؟

26. لالہ کرپا شنکر جی مصنف کو کیسے جگایا کرتے تھے ؟

27. بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں ؟ مچھرا اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟

8 × 3 = 24

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے :

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں ۔''

29. ''اُردو میری اور میری دادی کی زبان ہے ۔''

30. ''مسٹر صبح میں نے آپ کو آواز دی تھی ، آپ نے جواب نہ دیا ۔''

درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کا تعارف لکھئے :

31. (i) آدا جعفری (ii) سید سلیمان ندوی

درجِ ذیل میں سے کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے :

32. (i) فراقؔ گورکھپوری (ii) مرزا غالبؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. آغوش میں ساحل کے، کیا لطف سکوں اُس کو
یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے

34. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

35. اے شوقِ نظارہ کیا کہیئے، نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں
اے ذوق تصور کیا کیجئے، ہم صورتِ جاناں بھول گئے

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

36. ایامِ جاہلیت کے رسم ورواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

37. حضرت امام حسینؓ کس کے نورِ عین تھے ؟ انہیں اُمت کے واسطے کیا کچھ کرگذرنا پڑا ؟

درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 4 × 4 = 16

38. امیر خسرو سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجئے ؟

39. مولانا ابوالکلام آزادؔ کا ''آزادی'' سے متعلق کیا عقیدہ تھا ؟

**یا**

حجتہ الوداع کے خطبہ میں حضورؐ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

40. اپنی نصابی کتاب سے ''نعت'' یا ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

41. کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) رشوت (ii) آمدِ بہار

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کرکے لکھئے : 10 × 1 = 10

42. وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔

A) مرثیہ B) نظم

C) غزل D) رباعی

43. جس جملہ میں مسندالیہ اسم اور مسند فعل ہو، کہلاتا ہے۔

A) جملۂ اسمیہ B) جملۂ فعلیہ

C) جملۂ خبریہ D) جملۂ انشائیہ

44. ''اماں گھر کی ملازمہ تھیں'' اس جملہ میں فعلِ ناقص کی نشاندہی کیجئے۔

A) تھیں B) گھر

C) اماں D) ملازمہ

45. جملۂ انشائیہ کی نشاندہی کیجئے۔

A) بچہ روتا ہے۔ B) ہوشیار آگے راستہ پُرخطر ہے۔

C) بلّی بیٹھی ہے۔ D) رات گذاری۔

46. کیا کیا خضرؑ نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

A) تشبیہہ B) تضاد

C) تلمیح D) تکرار

47. ان میں مذکر لفظ ہے۔

A) بہار B) دلہن

C) ہوا D) پنکھا

48. ان میں لاحقہ ہے۔

A) لاجواب B) بدکار

C) یتیم خانہ D) ناپاک

49. غیر متعلق لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A) راہ B) رہنما

C) منزل D) جنگل

50. ''گدھا کیا جانے زعفران کی قدر'' اس کہاوت کا مطلب ہے۔

A) کسی چیز سے منہ پھیر لینا۔ B) زعفران کی قدر نہ سمجھنا۔

C) کسی چیز کی قدر نہ کرنا۔ D) گدھے کو زعفران کھلانا۔

51. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے کہلاتا ہے۔

A) جملہ B) محاورہ

C) ضرب المثل D) مجموعۂ کلام

پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : 4 × 1 = 4

52. بدایوں کے شام وسحر : خودنوشت سوانح :: درشٹی : ..................۔

53. سرپیٹ لینا : ماتم کرنا :: غل برپا ہونا : ..................۔

54. جذبہ : جذبات :: حق : ..................۔

55. قدیم : جدید :: بہار : ..................۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے : 3 × 2 = 6

56. درجِ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے :

(i) دوا

(ii) رہنما

57. درجِ ذیل الفاظ کا معنوی فرق لکھیے :

(i) آلہ

(ii) اعلیٰ

58. درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کو ہدایت کے مطابق لکھیے :

(i) ہم کو <u>جنت</u> کی حقیقت معلوم ہے۔ [جنس بتائیے]

(ii) میرے نام کے تینوں <u>الفاظ</u> جواہر لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں۔ [واحد لکھیے]

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : $2 \times 3 = 6$

59. مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟ اس کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟

60. صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

**یا**

صنعتِ تضاد کی تعریف بیان کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

## PART-C/حصہ - ج

61. اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اُن سے اسکول کے سالانہ اجلاس میں شرکت کی گذارش کی گئی ہو۔ $1 \times 5 = 5$

**یا**

اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے۔ جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

62. کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : $1 \times 5 = 5$

(i) ملک کی ترقی کے لئے قومی یکجہتی ضروری ہے

(ii) انٹرنیٹ کے فائدے و نقصانات

(iii) صاف ستھرا ہندوستان، کیوں اور کیسے ؟

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : $4 \times 1 = 4$

63. 2016 کے سول سروس (UPSC) کا امتحان کامیاب ہونے والوں میں ایک طالبہ ''اُم الخیر'' بھی ہے۔ یہ راجستھان کے غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچپن میں والدہ کا انتقال ہوا۔ ہڈیوں کے بخار نے اپاہج بنا دیا۔ والد کے ساتھ دلّی چلی آئیں۔ سوتیلی ماں نے گھر سے نکال دیا۔ ایک جھونپڑی میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتے ہوئے ہندی میڈیم سے تعلیم حاصل کرتی رہیں۔ دورانِ تعلیم ''شخصیت سازی'' کے 45 روزہ پروگرام میں شریک ہوئیں اور انگریزی سیکھیں۔

آخری دن جب اسٹیج پر تاثرات بیان کرنے کے لئے جاتے ہوئے گر پڑیں اور ساتھی ہنسنے لگے تو اس نے اسٹیج سے کہا ''آج جتنا مجھ پر ہنسنا ہے، ہنس لو مگر میرا کل اتنا تابناک ہوگا کہ کوئی مجھ پر نہ ہنس سکے گا۔ اپنی محنت و لگن سے ''اُم الخیر'' نے 2016 کے سول سروس میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے وہ کر دکھایا جو اُس نے کہا تھا۔

سوالات :

(i) کس سن میں ''اُم الخیر'' سول سروس امتحان میں کامیاب ہوئیں ؟

(ii) اُم الخیر اپنے والد کے ساتھ کہاں چلی آئیں ؟

(iii) اسٹیج پر پہنچ کر ''اُم الخیر'' نے اپنے ساتھیوں سے کیا کہا ؟

(iv) کس بیماری نے اُم الخیر کو اپاہج بنا دیا ؟